Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

18 دسمبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

یہ سال نئی دقتوں اور مشکل انتخابات کا سال رہا ہے، جس میں ہم نے ملکر غیر یقینی صورت حال کا سامنا کرتے ہوئے ہماری اجتمائی قوت اور برداشت کا امتحان لیا گیا ہے۔ ہمارے لیے ملک کے سب سے بڑے عوامی تعلیمی نظام کے اسکولوں کی بنیادی تعمیر نو ضروری ہو گئی تھی، کیسے " کلاس میں جائیں" سے لیکر گریڈ دینے کی پالیسی، حاضری اور اسکے درمیان تمام معاملات تک۔

آج میں آپ کو آپ کے بچے کی تعلیم کے ایک دوسرے بنیادی ستون کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے تحریر کر رہا ہوں: اگلے ستمبر میں مڈل اسکول میں اندراج کروانا۔ ہماری مہینوں سے خاندانوں کے ساتھ بات چیت اور مسابقت طلب لمحات میں ضروریات کی تکمیل کرنے والی مڈل اسکولوں کے داخلہ کی نئی پالیسی تشکیل دینے کے لیے محتاط جائزہ لینے پر کام کرتے ہوئے میں آپ کے صبر و تحمل کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ اب جب کہ ہم 2021 خزاں کی جانب بڑھ رہے ہیں، یہ نئی پالیسی آپ کے بچے اور ساتھ ہی انکے 70,000 گریڈ پانچ کے ہمسروں کے تعلیمی سفر میں بہتر طور پر مدد کرے گی۔

ہم نے اس سال مڈل اسکول میں اندراج کے طریقئہ کار میں چند تبدیلیاں کی ہیں۔ اس سال مڈل اسکول درخواست کا دورانیہ 11 جنوری کے ہفتے میں کھلے گا۔ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) کے مڈل اسکول اس سال طلبا کی تشخیص کرنے یا داخلہ دینے کے لیے تعلیمی ریکارڈز، آڈیشنز یا دیگر جانچ یا تشخیصات کا استعمال **نہیں** کریں گے۔ اسکول ضلع کے رہائش پذیر طلبا کی ترجیح کو برقرار رکھیں گے، کیونکہ ہم نے شہر بھر میں خاندانوں سے سنا ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ گھر کے قریب مڈل اسکولوں میں شرکت کریں۔ اگر ایک اسکول دستیاب نشستوں سے زیادہ درخواستیں موصول کرتا ہے، پیشکشیں ایک بلا ترتیب قرعہ اندازی کے استعمال کے ذریعے کی جائیں گی۔ اسکولوں کی ایک کم تعداد نے، اپنے داخلوں میں تنوع کی آغاز کاری کا آغاز کیا ہے، وہ انکے اسکول کے منصوبوں پر مبنی طلبا کے ترجیحاتی گروہ کو پہلے داخلہ دیں گے۔

ذیل وجوہات کی بنیاد پر۔

نیویارک شہر میں تقریبا 200 مڈل اسکول واقع ہیں — 40% اسکول ایسے ہیں — جو طلبا کے داخلوں میں "جانچ" کرنے کے ذریعے تعلیمی ریکارڈز، آڈیشنز، حاضری، نظم و ضبط کا ریکارڈ، خاص تشخیصات، انٹریوز یا دیگر پیمانوں کا استعمال کرتے ہیں۔ اسکول میں داخلے کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا یہ اسکول میں داخلے کے اہل ہیں، انہوں نے ہیمشہ گریڈ چار کے طالب علم کے تعلیمی اور دیگر ریکارڈز کا استعمال کیا ہے۔

اس سال، عالمی وبا کے اثرات کی وجہ سے، ہمارے پاس اس بنیادی جانچ کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں ہیں۔ پچھلے سال ریاست نے گریڈ چار کے طلبا کے لیے معیاراتی امتحانات کا انعقاد نہیں کیا تھا۔ پچھلے تعلیمی سال کے بے نظیر اختتام کی وجہ سے گریڈ دینے کی پالیسی میں ترمیم ضروری ہوگئی تھی۔ عالمی وبا کی وجہ سے دشوار حالات کا سامنا کرنے والے خاندانوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے حاضری اور دیگر اہم پالیسیوں میں تبدیلی کی جا چکی ہے۔ سادہ لفظوں میں، جو اسکول ہمیشہ سے داخلوں کا فیصلہ کرنے کے لیے جانچ کے پیمانوں پر انحصار کرتے ہیں، اب یہ مزید دستیاب نہیں ہیں۔

مزید یہ کہ، بحیثیت چانسلر، یہ میری ذمہ داری ہے کہ آپ کے ہر ایک کے بچے کو اعلیٰ ترین- معیاری ممکنہ تعلیم فراہم کروں، تاکہ وہ اپنے خوابوں کی تعبیر کے لیے درکار ایک کامیاب، ثمر آور زندگی اور صلاحیتوں سے لیس ہونے کے لیے تیار ہوں۔ ہمارے شہر اور اسکول نظام میں ایسی عدم مساوات ہیں، COVID -19 کے غیر متناسب صحتی بحران کے اثرات کی وجہ سے ہماری سیاہ فام برادریوں، تارکینِ وطن خاندانوں، طلبا جن کے والدین کے پاس گھر پر رہ کر کام کرنے کا انتخاب نہیں تھا، اور کئی دیگر وجوہات کی بنا پر اس سال اس میں اضافہ ہوا ہے۔ جب میں نے ان ممکنہ تبدیلیوں کے بارے میں جانچ کرنے والے اسکولوں کے اہل خانہ، طلبا اور قائدین سے بات کی، انہوں نے اس بات کا اظہار کیا تھا کہ یہ پالیسیاں کس طرح کئی طلبا کے اہداف میں رکاوٹ بن سکتی ہیں، کیونکہ جانچ کے معیار کا طالب علم کے رہائشی صورتِ حال اور معاشی حیثیت کے ساتھ انتہائی گہرہ تعلق ہے۔

اسی وجہ سے، اس وقت پہلے سے کہیں زیادہ، یہ انتہائی ضروری ہے کہ ہمارے طلبا کو زیادہ مشمولاتی کلاس روم کے مصدقہ فوائد بہم پہنچائے جائیں۔ مشمولاتی تدریسی ماحول نے ثابت کیا ہے کہ اس سے تنقیدی سوچ کی صلاحیتوں کے فروغ کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ اس کا تعلق دور رس کامیابی اور زندگی میں مواقعوں سے ہے جو زیادہ مقدار میں سندیافتگی کی حصولیابی میں کامیابی کی طرف لے جاتی ہے اور کئی طلبا کے لیے سماجی اور پیشہ ورانہ نیٹ ورک تک بہتر دسترس کا باعث بنتی ہے۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

حقیقتاً، گریڈ پانچ کے طلبا کی اعداد وشمار کے بغیر جانچ کرنا، خصوصاً اس سال کے دوران، منصفانہ، مساوی نہیں ہو گا اور اسے جاری رکھنا ناقابل برداشت ہے۔

یہ پہلی مرتبہ نہیں ہے کہ اس طریقے کو نافذ العمل کیا گیا ہے۔ مڈل اسکولوں سے جانچ کے طریق کار کو ہٹانا ان اضلاع میں کامیاب رہا ہے جنہوں نے اسکا آغاز پہلے ہی کر دیا تھا، جیسے کہ بروکلن کا ضلع 15۔ خاص طور پر اس سال میں، داخلوں کے طریقئہ کار کو آسان بنانا اور اپنے شہر کو منصفانہ بنانا ہمارے طلبا، خاندانوں اور اسکولوں کے لیے صحیح قدم ہے۔

ہم اپنے اسکولوں اور دفاتر میں رہنمائی اور مخلتف تازہ نئے وسائل فراہم کریں گے تاکہ ہم آپ کو اپنے طالب علم کے لیے اس طریقئہ کار سے گذرنے میں اور آپ کو ایک بہترین مڈل اسکول تلاش کرنے میں مدد دے سکیں۔ آپ اس طریقئہ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/middle سے شروع کر سکتے ہیں MySchools.nyc اور آپ اپنا مائی اسکولز MySchools اکاونٹ بنائیں تاکہ جب درخواست کا دورانیہ شروع ہو تو آپ تیار ہوں۔ اپنے بچے کے اسکول مشیر سے بلاجھجھک رجوع کریں - یہ اس طریقئہ کار کے دوران آپ کے رہنما ہونگے۔ آپ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز سے رابطہ کر سکتے ہیں(ذیل پر جانیں کس طرح schools.nyc.gov/WelcomeCenters یا **718-935-2009**.پر رابطہ کریں۔

یہ تبدیلی ظاہر کرتی ہے کہ ہماری اقدار عمل بن سکتے ہیں، اور کوئی پالیسی، یا کام کرنے کا طریقئہ اتنا سخت نہیں ہے کہ ان میں ہمارے تمام بچوں کی خدمت کی خاطر ترمیم نہ کی جا سکے۔ ہم ایسے اسکولوں اور نظام کو مانتے ہیں جو تمام بچوں کی خدمت کرتے ہیں، اور یکساں مواقع اور بہترین ممکنہ تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ ابھی اور بہت کچھ کرنا باقی ہے، لہٰذا ہم اسکول برادریوں سے مزید بات چیت کا آغاز کریں گے تاکہ ستمبر 2021 کے بعد جانچ کے طریقے کے استعمال کے بارے میں معلومات میں فراہم کرنے میں مدد مل سکے۔

میں آپ سب کے باہمی تعاون - ان طلبا اور اہل خانہ کا جو برسوں سے اس کے لیے جنگ کر رہے ہیں، اپنے بچے کے آنے والے اندراج کے ذریعے پہلی مرتبہ مڈل اسکول میں داخلہ کروانے والوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ہم اسے یقینی بنانے کے مقصد میں متحد ہیں کہ - آپ کا بچہ اور اس کے 1.1 ملین ہمسر - دنیا کے سب سے عمدہ شہر میں بہترین ممکنہ تعلیم حاصل کر سکے۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمٔہ تعلیم